نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغاخان سوئم روڈلاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ سورج مکھی کی دیکھ بھال بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:24مارچ2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بہاریہ سورج مکھی کے اُگاؤ کے بعد جب چار پتے نکل آئیں تو کمزور اور فالتو پودوں کو اس طرح نکالیں کہ اُن کا باہمی فاصلہ 9 انچ رہ جائے۔ڈرل کے بعد کاشتہ فصل کو پہلا پانی لگانے سے پہلے کم از کم ایک مرتبہ گوڈی ضرور کریں۔اس سے جڑی بوٹیاں تلف ہو جاتی ہیں اور زمین میں ہوا کی آمدورفت بہتر ہو جاتی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جب پودے تقریباًایک فٹ اونچے ہو جائیں تو ان کی جڑوں پر مٹی چڑھادیں۔فصل کو پہلا پانی اُگاؤ کے 20 دن بعد لگائیں اور کمزور زمین میں پہلے پانی کے ساتھ آدھی بوری،دوسرے پانی کے ساتھ ایک بوری اور پھول کی ڈوڈیاں بنتے وقت آدھی بوری یوریاڈالیں جبکہ اوسط زرخیز زمین میں پہلے،دوسرے پانی اورڈوڈیاں بنتے وقت بالترتیب آدھی بوری یوریاڈالیں۔

☆☆☆☆